بینک دولت پاکستان

شعبہ مالیات

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

ایف ڈی سرکلر نمبر 04 برائے 2020ء | **07 اکتوبر 2020ء**

چیف ایگزیکٹو / صدور

تمام کمرشل بینک

محترم / محترمہ

حکومت کا ٹریژری سنگل اکاؤنٹ

کمرشل بینکوں / ترقیاتی مالی اداروں کے پاس حکومتی کھاتوں کی بندش

1۔ فنانس ڈویژن، حکومت پاکستان نے اپنے مراسلہ F.No.1(1)/S.O(TSA)/2020، بتاریخ 19 اگست 2020ء کے ذریعے وفاقی حکومت کی تمام وزارتوں، ڈویژنوں، منسلک محکموں اور ذیلی دفاتر کو ہدایت کی ہے کہ وہ کمرشل بینکوں / مالی اداروں کے پاس اپنے بینک کھاتوں کو بند کردیں اور ان کی بقایا رقوم کو اسٹیٹ بینک کے پاس وفاقی حکومت کے اکاؤنٹ نمبر 1 (غیر غذائی) میں منتقل کردیں۔ آپ کی متعلقہ برانچوں کو ایسے بینک "کھاتے کی بندش" اور ان کی بقایا رقوم اسٹیٹ بینک کو منتقل کرنے کی درخواستیں فنانس ڈویژن کے جاری کردہ مجوزہ فارمیٹ (مذکورہ مراسلے کے ضمیمہ ب) پر متعلقہ مجاز دستخط کنندگان کی جانب سے موصول ہوں گی۔ اس ضمن میں درج ذیل ہدایات جاری کی جارہی ہیں جن پر مکمل عملدرآمد ضروری ہے:

الف۔ مجاز دستخط کنندگان کی ہدایات کے مطابق تمام بینک ایسے کھاتے بند کرکے ان میں موجود اپنی رقوم اسٹیٹ بینک منتقل کردیں گے تاکہ انہیں وفاقی حکومت کے مرکزی اکاؤنٹ نمبر 1 (غیر غذائی) میں کریڈٹ کیا جاسکے۔

ب۔ ایک معیاری طریقہ کار کے ذریعے تمام کھاتوں کی بندش یقینی بنانے اور ان کی بقایا قوم اسٹیٹ بینک کو منتقل کرنے کے لیے بینکوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنی اندرونی ایپلی کیشنز اور پروسیس وضع کریں تاکہ ان امور پر نظر رکھی جاسکے: (i) مجاز دستخط کنندگان کی ہدایات کی موصولی، (ii) بینکوں کی برانچوں کی جانب سے کھاتوں کی بندش اور دستیاب بقایا قوم کی اپنے مرکزی ٹریژری کو منتقلی اور (iii) مرکزی ڈپازٹری کی جانب سے جمع شدہ رقم کی آر ٹی جی ایس کے ذریعے اسٹیٹ بینک کو منتقلی۔

ج۔ کھاتہ بند کرنے کی درخواست موصول ہونے پر بینکوں کی متعلقہ برانچیں اوپر دیے گئے (ب) طریقے کے مطابق اپنی اندرونی ایپلی کیشن کے ذریعے سات دنوں میں کھاتوں کی بندش کا عمل شروع کرکے دستیاب رقوم اپنی مرکزی ٹریژری کو منتقل کردیں گی۔

د۔ متعلقہ برانچیں مذکورہ بالا معیاری اندرونی ایپلی کیشن (ب) کے ذریعے درج ذیل تفصیلات اپنی مرکزی ٹریژری کو فراہم کریں گی:

1۔ انتظامی / کنٹرولنگ وزارتوں کے نام

2۔ حکومتی محکموں / اداروں کے نام

3۔ اکاؤنٹ کا عنوان

4۔ آئی بی اے این

5۔ منتقل کردہ بقایا رقوم

6۔ برانچ کوڈ

ہ۔ ہر بینک کی سینٹرل ٹریژری روزمرہ بنیادوں پر اپنی برانچوں کی جانب سے منتقل کی گئی امانتوں کی مجموعی رقم آر ٹی جی ایس میسج ٹائپ (ایم ٹی۔202) کے ذریعے اسٹیٹ بینک کو منتقل کرے گی، جسے وفاقی حکومت کے مرکزی اکاؤنٹ نمبر ایک (غیر غذائی) میں کریڈٹ کیا جائے گا۔ ایم ٹی۔202 میں حوالے کے لیے یہ فقرہ لازمی طور پر درج کیا جائے گا: "حکومتی ڈپازٹ مرکزی اکاؤنٹ نمبر ایک (غیر غذائی) میں منتقل کر دیا گیا"۔

و۔ بینک کے مرکزی ٹریژری ایسے بند کھاتوں کی تفصیلات ضمیمہ الف کے مطابق ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (بی ایس سی) کو بھیجیں گے۔

2۔ براہ مہربانی وصولی سے مطلع فرمایئے۔

منسلکات:

1. Finance Division letter F.No.1 (1)/S.O (TSA)/2020 dated 19th August 2020

2-Annexure I: Performa for Banks' Centralized Treasuries for reporting to SBP-BSC, Karachi Office

آپ کا مخلص

(قادر بخش)

ڈائریکٹر